سوال

(428) جمعہ کے دن یا رمضان المبارک میں فوت ہونے والے   لخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کی شب یا جمعہ کے دن یا رمضان المبارک میں فوت ہونے والے آدمی کی کیا فضیلت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صاحب مشکاۃ لکھتے ہیں :   ((وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوقَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم : مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ، أَوْلَيْلَةَ الْجُمُعَةِ إِلاَّ وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ [''عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ''نہیں کوئی مسلمان فوت ہوتا ، جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات ، مگر بچائے گا اس کو اللہ تعالیٰ قبر کے فتنہ سے ۔''] رواہ أحمد ، والترمذی ، وقال : ھٰذا حدیثٌ غریب ، ولیس إسنادہ بمتصل)) 2

شیخ البانی ... رحمہ اللہ ... تعلیق مشکاۃ میں لکھتے ہیں : ((لکن رواہ الطبرانی موصولا کما فی الفیض ، ولہ طریق أخری فی المسند (۲ ۱۷۶ ۲۲۰) وإسنادہ حسن أو صحیح بما قبلہ اھ واللّٰہ أعلم ۔))

رمضان میں فوت ہونے والے کی فضیلت میں مجھے فی الحال کوئی حدیث معلوم نہیں ۔

2 کتاب الصلاۃ باب الجمعۃ الفصل الثالث

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 357

محدث فتویٰ